روزے کے روحانی درجات

جسم کے اعضا	کوشش	دن																													
		۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷	۲۸	۲۹	۳۰
	۱																														
	۲																														
	۳																														
	۴																														
	۵																														
	۶																														
	۷																														
	۸																														
	۹																														
	۱۰																														

روزے کے روحانی درجات

پہلا درجہ: کھانا پینا، سگریٹ، ازدواجی تعلقات، سحری کے وقت سے لے کر آفتاب کے غروب ہونے تک ترک کرنا اور ساتھ ہی پانچوں نمازیں اور تراویح ادا کرنا۔

دوسرا درجہ: پہلے درجے کے ساتھ ساتھ اپنی زبان اور آنکھوں کے گناہوں سے مکمل پرہیز کرنا۔

تیسرا درجہ: زبان اور آنکھوں کے گناہوں کے ساتھ کانوں، ہاتھوں، پاؤں، پیٹ اور شرمگاہ کے گناہوں سے بھی مکمل پرہیز کرنا۔

چوتھا درجہ: زبان، ہاتھ، کان اور دوسرے جسم کے حصوں کو سنت عبادت میں مشغول رکھنا اور خاصکر جو رمضان کے اعمال لکھے ہوئے ہیں ان پر عمل کرنا۔

پانچواں درجہ: جسم کے ساتھ اپنے ذہن کو برے اور گندے خیالات سے پاک رکھنا یہ گویا قلب و دماغ کا روزہ ہے کہ بندہ خود بری سوچ نہیں سوچتا اور اگر نفس کی طرف سے آجائے تو اس کو رد کر دیتا ہے۔

چھٹا درجہ: پانچویں درجے کے ساتھ ساتھ اپنے دل اور دماغ، دنیا، کائنات اور آخرت پر غور و فکر کرنا اور عبرت و سبق حاصل کرنا۔

ساتواں درجہ: چھٹے درجے کے ساتھ اپنے دل اور دماغ کو موت، قیامت کے دن، جہنم، جنت اور اللہ کی یاد میں رکھنا۔

آٹھواں درجہ: اللہ تعالیٰ اور حضور ﷺ کی محبت میں پوری طرح ڈوب جانا اور ان کی اطاعت میں فنا ہو جانا۔